# امتیازی قانون سازی (متفرق ترامیم) کا آرڈیننس 2020

## اس آرڈیننس کا مقصد کیا ہے؟

اس آرڈیننس کے ذریعے غیر امتیازی سلوک کے موجودہ چار قوانین، یعنی جنسی امتیازی قانون (SDO)، معذوری امتیازی قانون (DDO)، خاندانی حیثیت امتیازی قانون (FSDO) اور نسلی امتیازی قانون (RDO) میں ترامیم کی گئی ہیں، تاکہ ان کے تحت امتیازی سلوک اور حراسگی سے تحفظ میں اضافہ کیا جا سکے۔

## اس آرڈینینس کا نفاذ کب کیا گیا؟

یہ آرڈیننس اپنے اجراء کے دن، یعنی **19 جون 2020** کو زیر نفاذ تھا، ماسوائے بچے کو ماں کا دودھ پلانے کے متعلق قوانین کے، جو اجراء کے 12 مہینے کے بعد نافذ العمل ہوں گے، جس کی مجوزہ تاریخ 19 جون 2021 ہے۔

## آرڈیننس کے تحت کیا ترامیم کی گئی ہیں؟

یہ ترامیم جنس، معذوری اور نسل کی بنیاد پر امتیازی سلوک اور ساتھ ہی ساتھ جنسی حراسگی اور ذیل میں بیان کردہ مختلف طریقوں سے معذوری اور نسل کی بنیادوں پر حراسگی سے تحفظ کو بہتر بناتی ہیں۔

**SDO کے تحت چھاتی سے دودھ پلانے والی خواتین کو بلاواسطہ اور بالواسطہ امتیازی سلوک اور ساتھ ہی ساتھ ملازمت کے شعبوں؛ اشیاء، سہولیات اور خدمات کی فراہمی؛ تعلیم؛ املاک کو منتظم کرنے اور فراہم کرنے؛ کلبز؛ اور حکومتی افعال میں ظلم کا نشانہ بنایا جانے کے خلاف تحفظ کرنا۔**

چھاتی سے دودھ پلانے کے حوالے سے قوانین ایسی صورتوں کا احاطہ کرتے ہیں، جہاں:

- کوئی خاتون بچے کو دودھ پلانے کے عمل میں ہو؛
- کوئی خاتون دودھ نکالنے کے عمل میں ہو؛
- کوئی خاتون، جو بچے کو چھاتی کا دودھ پلاتی ہو، مگر امتیازی سلوک ہونے کے وقت پر ایسا نہ کر رہی ہو۔

**SDO، DDO اور RDO کے تحت عمومی جائے کار پر کام کرنے والے افراد کو جنسی، معذوری اور نسلی حراسگی سے بچانا، جہاں پر ملازمت کا کوئی تعلق نہ ہو، مثلاً کنسائنمنٹ ورکرز، رضاکار اور انٹرنز۔**

| |
|---|
| **ایک رضاکار**—ایسا شخص جو کسی آجر یا ملازم کی حیثیت کے بغیر رضاکارانہ طور پر کام کرے۔ |
| **ایک انٹرن**—ایک ایسا شخص جسے دوسرا شخص انٹرنشپ کے لیے ساتھ رکھے، مگر وہ دوسرے شخص کا ملازم نہ ہو۔ |
| **ایک "انٹرنشپ"** کی تعریف کام کے وقت کے ایک ایسا دورانیہ ہے، جس کی تکمیل کسی پیشہ ورانہ یا تعلیمی اہلیت کے لیے ضروری ہے اور اس میں شاگردی؛ یا کام کا دیگر عرصہ شامل ہوتا ہے، جسے عام طور پر انٹرنشپ کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ |

**DDO اور RDO کے تحت خدمات کے فراہم کنندگان کو معذوری اور نسل کی بنیاد پر گاہکوں کی جانب سے امتیازی ہراسگی سے تحفظ دینا، بشمول جب ایسے افعال ہانگ کانگ میں رجسٹر شدہ جہازوں اور کشتیوں پر واقع ہوں، بے شک وہ بیرون ملک ہوں۔**

(نوٹ: یہ ابتداء میں فراہم کیے گئے تحفظ کے علاوہ اضافی تحفظ ہے۔ SDO، DDO اور RDO کے تحت، اشیاء، سہولیات اور خدمات کے فراہم کنندگان کی جانب سے گاہکوں کی جنسی، معذوری اور نسلی حراسگی سے ہمیشہ سے تحفظ رہا ہے۔ 2014 میں اشیاء، سہولیات اور خدمات کے فراہم کنندگان کو گاہکوں کی جانب سے جنسی حراسگی کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لیے SDO میں مزید ترمیم کی گئی تھی، بے شک ایسے افعال ہانگ کانگ کے رجسٹر شدہ جہاز اور بحری جہاز پر بیرون ملک ہوئے ہوں۔)

**RDO کے تحت عوام کو الزام لگا کر بلاواسطہ اور بالواسطہ نسلی امتیاز اور نسلی حراسگی، یعنی کسی شخص پر کسی مخصوص نسل سے ہونے یا کسی مخصوص نسلی گروہ کا رکن ہونے کا الزام لگائے جانے، سے بچانے کے لیے تحفظ کی فراہمی۔**

**RDO کے تحت کسی شخص کو براہ راست نسلی امتیاز یا نسلی حراسگی سے تحفظ کی فراہمی، جہاں ان کے ساتھ برا سلوک ہو یا کسی ساتھی کی نسل کی بنیاد پر نسلی طور پر حراساں کیا جائے۔**

**ساتھی**–اس میں کسی شخص کا شریک حیات؛ اس شخص کے ساتھ حقیقی گھریلو بنیادوں پر ساتھ رہنے والا کوئی شخص؛ اس شخص کا کوئی رشتہ دار؛ اس شخص کا نگہداشت کنندہ؛ یا اس شخص کے ساتھ کاروباری، کھیلوں کے یا تفریحی تعلق رکھنے والا کوئی شخص شامل ہے۔

**نگہداشت کنندہ**–اس میں ڈائریکٹر آف سوشل ویلفیئر، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا کوئی مجاز افسر؛ اور RDO کے شیڈول 6 میں بیان کردہ کوئی بھی شخص شامل ہے۔

SDO اور DDO کے تحت کلبز کے اراکین اور ممکنہ اراکین کو کلبز یا کلبز کی انتظامیہ کی جانب سے جنس اور معذوری کی بنیاد پر حراساں کیے جانے سے تحفظ کی فراہمی۔

SDO، FSDO اور RDO کے تحت بلاواسطہ امتیاز کے افعال کے خلاف عدالتی کارروائیوں میں تلافی کی فراہمی کے لیے پیشگی شرط کے طور پر امتیازی سلوک کے ارادے کے تقاضوں کو منسوخ کرنا۔

---

## مجھے اس آرڈیننس کے تحت ترامیم کے متعلق مزید معلومات کیسے مل سکتی ہیں؟

آرڈیننس کا مکمل مواد یہاں دیکھا جا سکتا ہے:

https://www.gld.gov.hk/egazette/pdf/20202425/es1202024258.pdf

کمیشن برائے یکساں مواقع (EOC) نے ترامیم کے حوالے سے رہنمائی کا ایک سلسلہ بھی تیار کیا ہے، جو EOC کی ویب سائٹ www.eoc.org.hk پر دستیاب ہیں۔

---

## میں EOC میں شکایت کیسے درج کراؤں؟

کوئی بھی ایسا شخص، جنہیں لگتا ہے کہ ان کے ساتھ بیان کردہ غیر امتیازی سلوک کے چار قوانین میں بیان کردہ طریقے کے مطابق امتیازی سلوک، حراسگی یا بدنامی ہوئی ہے، تو وہ EOC کو تحریری طور پر درخواست دے سکتے ہیں اور درج ذیل میں سے ایک طریقہ استعمال کر سکتے ہیں:

- بذریعہ ڈاک خط
- EOC کی ویب سائٹ پر آن لائن فارم
- فیکس
- EOC کے دفتر میں بذات خود

ٹیلیفون (صرف معلومات کے لیے)

SMS سروس (کمزور سماعت/بول چال کے مسائل والے افراد کی معلومات کے لیے)

غیر امتیازی سلوک کے قوانین کے حوالے سے معلومات: آن لائن انکوائری فارم
غیر امتیازی سلوک کے قوانین کے حوالے سے شکایت: آن لائن کمپلینٹ فارم
EOC کی خدمات کے حوالے سے سوال اور شکایت: آن لائن فارم

---

## EOC سے رابطہ کریں

ٹیلیفون: (852) 2511 8211 (صرف عمومی معلومات کے لیے)

فیکس: (852) 2511 8142

پتہ: 16/F, 41 Heung Yip Road, Wong Chuk Hang, Hong Kong.

ای میل: eoc@eoc.org.hk (صرف عمومی معلومات کے لیے)

SMS سروس: 6972566616538 (سماعت/بول چال کے مسائل والے افراد کی معلومات کے لیے)

(غیر امتیازی سلوک کے قوانین کے تحت امتیازی سلوک کے متعلق معلومات اور شکایات کے لیے براہ کرم مندرجہ بالا فارم استعمال کریں۔)

## کمیشن برائے یکساں مواقع

**جولائی 2020**

نوٹ: یہ کتابچہ صرف حوالے کے لیے ہے اور اسے قانونی مشاورت کا متبادل نہیں سمجھا جانا چاہیے۔